میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

ہفتہ، 26 جمادی الاول، 1437ھ | 05/03/2016 | نمبر: PR16014

پاکستانی میڈیا سے ہنگامی اپیل

شام میں نبوت کے طریقے پر خلافت کی واپسی کو روکنے کی مغربی سازش کو بے نقاب کریں

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس پاکستان کے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا میں موجود مسلمانوں سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ شام میں ہمارے بھائی بہنوں کے خلاف شیطانی امریکی سازش کو بے نقاب کریں۔ یہ مغربی ساز ش ہے جس کے تحت شام میں امریکی ایجنٹ بشار الاسدکو گرنے اور اس کی شیطانی کفریہ حکومت کی جگہ نبوت کے طریقے پر خلافت کی واپسی کو روکنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ہم اس حقیقت سے آگاہ ہیں کہ آپ پر شام کے حوالے سے صحیح رپورٹنگ نہ کرنے کا بہت زیادہ دباؤ ہےاور یہ پالیسی موجودہ حکمرانوں کے آنےسے قبل پوری طرح سے نافذ کردی گئی تھی جب کیانی-زرداری حکومت نے 29 جولائی 2012 کو شام میں پاکستان کے سفیر کو شامی وزیر اطلاعات سے شام کے انقلاب کی میڈیا تشہیر سے متعلق بات چیت کے لئے بھیجا تھا۔ لیکن اس کے باوجود ہم آپ سے مطالبہ کررہے ہیں کیونکہ آپ کا تعلق مسلمانوں کے میڈیا سے ہے کہ امت کو امریکی استعماری عزائم سے بچانے کے لئے آپ اپنا کردار ادا کریں۔

لہٰذا ہم پاکستان کے میڈیا سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ امریکہ و روس کی جانب سے مسلط کی جانے والی جنگ بندی کے شیطانی عزائم کو بے نقاب کریں جس کی بنیاد سلامتی کونسل کی قرارداد نمبر 2254 پر رکھی گئی ہے اور اس کے تحت اقوام متحدہ کی جانب سے دیا جانے والا سیاسی حل قبول کرنا لازمی ہوگا۔ اس استعماری منصوبے کے مطابق جابر بشار کی حکمرانی برقرار رہے گی ، جس نے مارچ 2011 سے شام کے مسلمانوں پر خونی جنگ مسلط کررکھی ہے جب انہوں نے اس کے خلاف اسلامی تحریک کا آغاز کیا تھا اور جس کے ہاتھ ان کے خون سے رنگے ہوئے ہیں۔ ہم یہاں یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اس تمام عرصے کے دوران امریکہ بشار کا متبادل ایجنٹ لانے میں ناکام رہا ہے اور اس ناکامی کا سہرا شام کے مسلمانوں کی زبردست سیاسی آگاہی اور بصیرت کو جاتا ہے جنہوں نے کسی بھی ایسی تبدیلی کو مسترد کردیا ہے جس میں صرف چہروں کی تبدیلی واقع ہو اور نظام اپنی جگہ برقرار رہے بلکہ وہ انسانوں کے بنائے ہوئے قوانین کے خاتمے اور نبوت کے طریقے پر خلافت کا دوبارہ قیام چاہتے ہیں۔ معاملات اب اس مقام پر آچکے ہیں جہاں امت کے مستقبل کی سمت کا تعین ہونا ہے۔ لہٰذا ہم آپ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ راحیل-نواز حکومت کے دباؤ کا سامنا کریں اور شام کے مقدس انقلاب کی صحیح ترجمانی اور تشہیر کریں۔

ہم اس پریس ریلیز کے ساتھ چند تصاویر بھیج رہے ہیں جو پورے شام میں ہونے والی ان زبردست سیاسی سرگرمیوں میں سے چند ایک کی ہیں جس میں شامی مسلمان اسلام کے علاوہ کسی بھی دوسرے حل کو مسترد کرنے کا واضح اظہار کررہے ہیں۔ اس کے علاوہ ہم آپ کو دعوت دیتے ہیں کہ حزب التحریر کے مرکزی میڈیا آفس کی ویب سائٹ (www.hizb-ut-tahrir.info)، سے رجوع کریں جو مسلسل شام میں نبوت کے طریقے پر خلافت کی واپسی کے لئے شامی مسلمانوں کی جدوجہد کی رپورٹز جاری کرتی ہے۔ آئے ہم سب اپنی ذمہ داری کو ادا کریں کہ اس کی ادائیگی میں ہمارے لئے نجات اور اس سے کوتاہی میں ہمارے لئے نقصان ہی نقصان ہے۔

وَإِن تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْماً غَيْرَكُمْ ثُمَّ لاَ يَكُونُوا أَمْثَالَكُم

"اور اگر تم پھر گئے تو وہ تمہاری جگہ دوسری قوم لے آئے گا، پھر وہ تمہاری طرح نہ ہوں گے"(محمد:38)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس